

مجلہ طالبان

39

- کیا پاکستان ایک آزاد مملکت ہے؟
- مردِ میدان، شہید سیف اللہ عرف ابو بصیر الشامی رحمہ
- مدارس کی جانب سے امیر تحریک طالبان پاکستان کے اسناد کی تنسیخ پر تبصرہ

ربیع الاول 1447 ستمبر 2025

https://umnews.net

فہرستِ مضامین

اداریہ

یوم دفاع پاکستان

6 ستمبر کو اسکولوں اور دیگر اداروں میں تعطیل عام سے ہماری قوم کو یاد آتا ہے کہ آج یوم دفاع ہے۔ایک وقت ایسا بھی تھا کہ اس کے علاوہ بھی ٹیلی ویژن، ریڈیو اور اخبارات میں بھی وقتا فوقتا اس کا تذکرہ ہوتا تھا اور پاکستانی بڑے فخر سے کہتے تھے کہ ہم نے اپنے دشمن ملک انڈیا کو شکست دی ہے۔ایک طویل وقت تک مختلف فوجی اہلکاروں کے ناموں کے ساتھ مختلف میڈلز اور کہانیاں جوڑ جوڑ کر ایک نسل کو سنائی اور پڑھائی گئیں، بلکہ نصاب کا حصہ بنا دیا گیا۔

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ برطانیہ کی باقیات نام نہاد محافظ کہلانے والے طبقہ، جسے پاک فوج کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، کے ہاتھوں سے مشرقی پاکستان نکل گیا، کارگل نکل گیا، انڈیا نے کشمیر کی الگ حیثیت ختم کر کے اپنا مستقل علاقہ بنالیا۔فوج نے اسلام کو نافذ کرنے کی بجائے صرف اپنے مفاد کیلئے استعمال کرنا شروع کیا، اسلام کے نام لیواؤں کو قتل اور گرفتار کیا گیا، بلوچوں کے حقوق ہڑپ گئے، خیبر تا کراچی فوجی بدمعاشی کی گئی، جعلی مقابلوں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہوا، لاپتہ افراد کا طویل مسئلہ چلا، لال مسجد و جامعہ حفصہ کا سانحہ ہوا، باجوڑ کے مدرسہ سمیت سینکڑوں مساجد و مدارس کو شہید کیا گیا اور اس کے علاوہ دیگر کئی ایسے واقعات ہوئے، جس سے اہل وطن پر حقیقت آشکارا ہوئی اور فوج کی وہ وقعت جو پہلے کہیں تھی، ختم ہونے لگی۔

اہل پاکستان پر واضح ہو گیا ہے کہ یہاں دفاع کے نام پر کھیل کھیلا جا رہا ہے۔پرویز مشرف، اشفاق پرویز کیانی، راحیل شریف اور قمر باجوہ۔۔۔سب نے اپنا اپنا وقت گزار کر بالترتیب متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، آسٹریلیا اور فرانس منتقل ہو گئے۔اس کے علاوہ دیگر اعلی فوجی حکام نے بڑے بڑے کاروبار ہڑپے اور اب یہ خبریں بھی سامنے آئی ہیں کہ موجودہ آرمی چیف نے بھی اپنے تقریبا تمام جاننے والوں کیلئے مختلف کاروبار اور سفارتی پاسپورٹس بنانے کا آغاز کر دیا ہے اور مزید جاری ہے۔

تو ایسے میں قوم کو سوچنا چاہیے کہ کیا ہمارا دفاعی سسٹم ہمارا دفاع کر رہا ہے کہ یا اپنے مال اور خاندانوں کا دفاع کر رہے ہیں۔

امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ پر ایک اجمالی نظر

مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق سکندر رحمہ اللہ

یا صاحب الجمال! و یا سید البشر!

من وجہک المنیر لقد نور القمر لا یمکن الثناء کما کان حقہٗ

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر اے صاحبِ جمالِ کل! اے سرورِ بشر!
روئے منیر سے ترے روشن ہوا قمر ممکن نہیں کہ تیری ثنا کا ہو حق ادا

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر ابتدائی حالات نسب شریف: سیّدنا محمد ﷺ بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم۔ کنیت: ابو القاسم۔ والدہ کا نام: آمنہ بنت وہب۔ ولادت: بروز سوموار ۱۲ ربیع الاوّل عام الفیل۔ والد ماجد کا انتقال ولادت سے قبل ہی بحالتِ سفر مدینہ منورہ میں ہو چکا تھا۔ آپ ﷺ کی کفالت آپ ﷺ کے دادا عبد المطلب نے کی اور حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے آپ ﷺ کو دودھ پلایا، پھر آپ ﷺ کی عمر مبارک چھ سال کی ہوئی تو آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ آپ ﷺ کو مدینہ آپ ﷺ کے ننہال لے گئیں، واپسی میں بمقام ابواءُن کا انتقال ہوا اور آپ ﷺ کی پرورش امّ ایمنؓ کے سپرد ہوئی۔ آٹھ سال کے ہوئے تو دادا کا سایہ بھی سر سے اُٹھ گیا۔ کفالت کا ذمہ آپ ﷺ کے چچا ابو طالب نے لیا۔ نو سال کی عمر میں چچا کے ساتھ شام کا سفر فرمایا اور ۲۵ سال کی عمر میں شام کا دوسرا سفر حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تجارت کے سلسلہ میں فرمایا اور اس سفر سے واپسی کے دو ماہ بعد حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے عقد ہوا۔ ۳۵ سال کی عمر میں قریش کے ساتھ تعمیر کعبہ میں حصہ لیا اور پتھر ڈھوئے۔ حجرِ اسود کے بارے میں قریش کے اُلجھے ہوئے جھگڑے کا حکیمانہ فیصلہ فرمایا، جس پر سبھی خوش ہو گئے۔ تعلیم و تربیت آپ ﷺ یتیم پیدا ہوئے تھے اور ماحول و معاشرہ سارا بت پرست تھا، مگر آپ ﷺ بغیر کسی ظاہری تعلیم و تربیت کے نہ صرف ان تمام آلائشوں سے پاک صاف رہے، بلکہ جسمانی ترقی کے ساتھ ساتھ عقل و فہم اور فضل و کمال میں بھی ترقی ہوتی گئی، یہاں تک کہ سب نے یکساں و یک زبان ہو کر آپ ﷺ کو صادق و امین کا خطاب دیا: مری مشاّطگی کی کیا ضرورت حسنِ معنی کو کہ فطرت خود بخود کرتی ہے لالہ کی حنا بندی خلوت و عبادت بچپن میں چند قیراط پر اہلِ مکہ کی بکریاں بھی چرائیں، مگر بعد میں آپ ﷺ کو خلوت پسند آئی۔ چناں چہ غارِ حرا میں کئی کئی راتیں عبادت میں گزر جاتیں۔ نبوت سے پہلے آپ ﷺ سچے خواب دیکھنے لگے۔ خواب میں جو دیکھتے، ہو بہو وہی ہو جاتا۔ آپ ﷺ کا دستورِ تعلیم حضور اکرم ﷺ کی سیرتِ طیبہ کا ہر پہلو نرالا اور امت کے لیے مینارِ ہدایت ہے۔ اگرچہ آپ ﷺ کا تشریعی دور، نبوت کے بعد شروع ہوتا ہے، لیکن اس سے پہلے کا دور بھی چاہے بچپن کا دور ہو یا جوانی کا، اُمت کے لیے اس میں ہدایت موجود ہے۔ آپ ﷺ کے دودھ پینے کا زمانہ ہے، لیکن اتنی چھوٹی عمر میں بھی آپ ﷺ کو عدل و انصاف پسند ہے اور آپ ﷺ دوسروں کا خیال فرماتے ہیں۔ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک طرف کا دودھ پلا کر دوسری طرف پیش فرماتی ہیں، لیکن آپ ﷺ اُسے قبول نہیں فرماتے، کیوں کہ وہ آپ ﷺ کے دودھ شریک بھائی کا حق ہے۔ بچپن سے اجتماعی کاموں میں اتنا لگاؤ اور دلچسپی ہے کہ جب بیت اللہ شریف کی تعمیر ہو رہی تھی تو آپ ﷺ بھی قریش مکہ کے ساتھ پتھر اُٹھا کر لا رہے ہیں۔ اور شرم و حیاء اتنی غالب ہے کہ جب آپ ﷺ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ دیکھتے ہیں کہ آپ ﷺ ننگے کندھے پر پتھر اُٹھا کر لا رہے ہیں تو ترس کھاتے ہوئے آپ ﷺ کا تہبند کھول کر کندھے پر رکھ دیا۔ آپ ﷺ شرم کے مارے بے ہوش ہو کر گر پڑے، یہ فرماتے ہوئے کہ میری چادر مجھ پر ڈال دو۔ کسب حلال کی یہ اہمیت کہ قریش کی بکریاں چراتے اور اس کی مزدوری سے اپنی ضروریات پوری فرماتے اور جب اور بڑے ہوئے تو تجارت جیسا اہم پیشہ اختیار فرمایا اور ''التاجر الصادق الأمین'' (امانت دار سچے تاجر) کی صورت میں سامنے آئے۔ معاملہ فہمی اور معاشرے کے اختلافات کو ختم کرنے اور اس میں اتحاد و اتفاق پیدا کرنے کی وہ صلاحیت ہے کہ بیت اللہ کی تعمیر کے وقت حجرِ اسود کو اپنی جگہ رکھنے پر قریش کی مختلف جماعتوں میں اختلاف پیدا ہوا اور قریب تھا کہ ناحق خون کی ندیاں بہہ جاتیں، لیکن آپ ﷺ نے ایسا فیصلہ فرمایا جس کی سب نے تحسین کی اور اس پر راضی ہو گئے۔ صداقت و امانت کے ایسے گرویدہ کہ بچپن سے آپ ﷺ ''الصادق الأمین'' کے لقب سے یاد کیے جانے لگے اور دوست تو دوست دشمن بھی آپ کے اس

وصف کا اقرار کرتے تھے، چناں چہ قبائلِ قریش نے ایک موقع پر بیک زبان کہا: ''ہم نے بارہا تجربہ کیا، مگر آپ کو ہمیشہ سچا پایا۔'' یہ سب قدرت کی جانب سے ایک غیبی تربیت تھی، کیوں کہ آپ ﷺ کو آگے چل کر نبوت ورسالت کے عظیم مقام پر فائز کرنا تھا اور تمام عالم کے لیے مقتدیٰ بنانا تھا اور اُمت کے لیے آپ ﷺ کی زندگی کو بطور اُسوۂ حسنہ پیش کرنا تھا۔ ''لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا۔'' (الاحزاب:۲۱)''بلاشبہ اے مسلمانو! تم کو رسول اللہ ﷺ کی چال سیکھنی ہے بالخصوص

اُس شخص کو جو اللہ کی ملاقات کا اور قیامت کے دن کا خوف رکھتا ہے اور اللہ کو بکثرت یاد کرتا ہے۔'' نبوت جب سن مبارک چالیس کو پہنچا تو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو نبوت سے سرفراز فرمایا، آپ ﷺ غارِ حرا میں تھے کہ جبرئیل علیہ السلام سورۂ اقرأ کی ابتدائی آیتیں لے کر نازل ہوئے، اس کے بعد کچھ مدت تک وحی کی آمد بند رہی، پھر لگاتار آنے لگی۔ وحی آسمانی آپ ﷺ تک پہنچانے کے لیے جبریل امین علیہ السلام کا انتخاب ہوا جن کو ہمیشہ سے انبیاء علیھم السلام اور باری تعالی کے درمیان واسطہ بننے کا شرف حاصل تھا اور جن کی شرافت، قوت، عظمت، بلند منزلت اور امانت کی خود اللہ نے گواہی دی ہے۔''إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ذِي قُوَّةٍ عِندَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ مُّطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ۔''(التکویر ۱۹ تا ۲۱)''بے شک یہ قرآن ایک معزز فرشتے کا لایا ہوا کلام ہے جو بڑی قوت والا صاحب عرش کے نزدیک ذی مرتبہ ہے، وہاں اس کی بات مانی جاتی ہے اور وہ امانت دار ہے۔'' اس وحی الٰہی کی روشنی میں آپ ﷺ کی ایسی تربیت ہوئی کہ آپ ﷺ ہر اعتبار سے کامل بن گئے اور آپ ﷺ کی زندگی کا ہر پہلو امت کے لیے ایک بہترین اُسوۂ حسنہ بن کر سامنے آگیا۔ اُمت کے ہر فرد کے لیے آپ ﷺ کی زندگی ایک اعلیٰ مثال ہے، جسے وہ سامنے رکھ کر زندگی کے ہر شعبہ میں ترقی کرسکتا ہے۔ دعوت و تبلیغ ابتداءً آپ ﷺ نے پوشیدہ طور پر دعوت و تبلیغ کا سلسلہ شروع فرمایا، ابتدائی دعوت پر عورتوں میں حضرت خدیجۃالکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، مردوں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، بچوں میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، آزاد شدہ غلاموں میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور غلاموں میں حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سب سے پہلے ایمان لائے۔ ان کے بعد بہت سے آزاد اور غلام اس دولت سے بہرہ مند ہوئے۔ پھر آپ ﷺ کو علانیہ دعوت و تبلیغ کا حکم ہوا، چناں

چہ آپ ﷺ نے تمام قوم کو صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے اور بت پرستی چھوڑنے کی دعوت پوری قوت سے شروع کی۔ بعض نے مانا اور بعض اپنی گم راہی پر قائم رہے۔ ہجرتِ حبشہ قوم نے آپ ﷺ اور آپ کے صحابہ S کو طرح طرح سے ستانا شروع کیا، چناں چہ ۵ ؍ نبوی میں آپ ﷺ نے اپنے صحابہؓ کو حبشہ ہجرت کر جانے کا حکم فرمایا، یہ سب سے پہلی ہجرت تھی، اسی سال حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آپ ﷺ کے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مشرف باسلام ہوئے۔ ۷ نبوی:۔۔۔۔۔قریش نے بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب کے خلاف ایک معاہدہ پر دستخط کیے کہ جب تک یہ لوگ آنحضرت ﷺ کو ہمارے حوالے نہیں کرتے، اس وقت تک ان سے ہر قسم کا مقاطعہ کیا جائے۔ اس کے نتیجے میں آپ ﷺ کو اپنے چچا ابوطالب کے ساتھ شعب ابی طالب میں نظر بند کردیا گیا۔ آپ ﷺ نے اپنے صحابہ S کو ہجرتِ حبشہ کا حکم فرمایا، یہ دوسری ہجرت کہلاتی ہے۔ ۱۰ نبوی:۔۔۔۔۔قریش کے بعض افراد کی کوشش سے یہ معاہدہ ختم ہوا اور آپ ﷺ کو آزادی ملی، اسی سال نصاریٰ نجران کا ایک وفد مسلمان ہوا، اسی سال آپ ﷺ کے چچا ابوطالب اور آپ ﷺ کی غم گسار زوجہ مطہرہ حضرت خدیجۃالکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات ہوئی۔ قریش کی ایذا رسانی اور بڑھ گئی۔ آپ ﷺ اہل طائف کی تبلیغ کے لیے تشریف لے گئے۔ انہوں نے ایک نہ سنی بلکہ اُلٹا در پئے ایذاء ہوئے۔ یہ سال عام الحزن (غم کا سال) کہلاتا ہے۔ ۱۱ نبوی:۔۔۔۔۔اسی سال آپ ﷺ کو معراج ہوئی، پنج گانہ نماز فرض ہوئی، آنحضرت ﷺ نے حج کے موقع پر عرب کے مختلف قبائل کو دعوت دی، چناں چہ مدینہ کے قبیلہ خزرج کے چھ آدمی مسلمان ہوئے۔ ۱۲ نبوی:۔۔۔۔۔اس سال اوس و خزرج کے بارہ افراد نے آپ ﷺ سے بیعت کی۔ یہ بیعتِ عقبہ اُولیٰ کہلاتی ہے۔ ۱۳ نبوی:۔۔۔۔۔ اس سال مدینہ کے ستر مردوں اور بیس عورتوں نے آپ ﷺ سے بیعت کی، یہ بیعتِ عقبۂ ثانیہ کہلاتی ہے۔ ہجرتِ مدینہ مدینہ میں اسلام کی روشنی گھر گھر پھیل چکی تھی، آپ ﷺ نے صحابہؓ کو ہجرتِ مدینہ کا حکم فرمایا، قریش کو پتہ چلا تو انہوں نے دارالندوۃ میں آپ ﷺ کو قتل کرنے کا ناپاک منصوبہ بنایا اور آپ ﷺ کے گھر کا محاصرہ کرلیا، اللہ تعالیٰ نے ان کا یہ منصوبہ خاک میں ملادیا، آپ ﷺ کو ہجرت کا حکم ہوا، آپ ﷺ کافروں کے گھیرے سے باطمینان نکلے، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر پہنچے، ان کو ساتھ لے کر غارِ ثور تشریف لے گئے، یہاں تین دن رہے، پھر ہجرت فرمائی اور مدینہ کی نواحی بستی قبا پہنچے۔

۱ھ ،اسلام کا نیا دور:۔۔۔۔۔یہاں سے اسلام کا ایک نیا دور شروع ہوتا ہے، قبا میں چودہ دن قیام رہا، وہاں ایک مسجد بنائی، وہاں سے مدینہ طیبہ منتقل ہوئے۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر قیام فرمایا، مسجد نبوی کی تعمیر فرمائی، اذان شروع ہوئی اور جہاد کا حکم ہوا اور آپ ﷺ نے دعوت و جہاد کے لیے صحابہ S کی جماعتیں بھیجنا شروع کیں۔ سرایا و غزوات جس جہاد میں آپ ﷺ خود شریک ہوئے 'اُسے غزوہ کہتے ہیں، اور جس میں خود نہیں گئے، صحابہؓ کی جماعت کو بھیجا' اُسے سریہ کہتے ہیں۔ آپ ﷺ کے سرایا کی تعداد ۴۷ ہے اور غزوات کی تعداد ۲۷ ہے۔ اس سال آپ ﷺ نے تین دستے (سریے) روانہ فرمائے، لیکن مقابلہ نہیں ہوا۔ ۲ھ۔۔۔۔۔اس سال غزوۂ ودّان، غزوۂ بواط، غزوۂ عشیرہ

اور غزوۂ بدر صغریٰ ہوئے۔ تحویل قبلہ کا حکم ہوا، روزہ، رمضان، زکوٰۃ و فطرہ واجب ہوئے۔ اسی سال (رمضان میں) مشہور غزوۂ بدر ہوا، آپ ﷺ کے ساتھ ۳۱۳ جاں نثار تھے اور قریش ایک ہزار، مگر شکست قریش ہی کو ہوئی۔ ان کے ستر سردار مارے گئے اور ستر قید ہوئے۔ مسلمانوں کے چودہ آدمی شہید ہوئے۔ اسی سال غزوۂ قرقرۃ الکدر، غزوۂ بنی قینقاع اور غزوۃ السویق ہوئے، تینوں میں جنگ نہیں ہوئی۔ سیّدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح ہوا اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حضور ﷺ کے گھر رخصتی ہوئی۔ ۳ھ۔۔۔۔۔اس سال غزوۂ غطفان اور غزوۂ بحران ہوئے، مقابلہ نہیں ہوا، پھر مشہور جنگ اُحد ہوئی، قریش قبائلِ عرب کو اکٹھا کر کر بدر کے مقتولوں کا بدلہ لینے جبل اُحد کے پاس جمع ہوئے، آپ ﷺ ایک ہزار کی جمعیت کے ساتھ مدینہ سے باہر نکلے، ۳۰۰ منافق راستہ ہی میں پلٹ گئے، دامن اُحد میں دونوں فوجیں لڑیں، کفار کو شکست ہوئی۔ ایک درّہ پر آپ ﷺ نے تیر اندازوں کی ایک جماعت اس وصیت کے ساتھ مقرر فرمائی تھی کہ ہم مریں یا جئیں، تمہیں بہر حال تا حکم ثانی اپنی جگہ رہنا ہوگا۔ ان میں سے بعض نے مسلمانوں کی فتح اور کافروں کی شکست دیکھ کر جگہ چھوڑ دی، دشمن کو لوٹ کر پیچھے سے حملہ کا موقع مل گیا، جنگ کا پانسہ پلٹ گیا، ستر صحابہ S شہید ہوئے جن کے سردار حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ آپ ﷺ کا چہرۂ انور زخمی ہوا، سامنے کے دندان مبارک شہید ہوئے، اگلے دن آپ ﷺ قریش کے تعاقب میں حمراء الاسد تک گئے، مگر دشمن بچ نکلا، مقابلہ نہیں ہوا، اسی سال شراب کی حرمت نازل ہوئی۔ ۴ھ۔۔۔۔۔اس سال غزوۂ بنی نضیر ہوا، آپ ﷺ نے بنی نضیر کا محاصرہ کیا اور انہیں جلا وطن کیا، پھر غزوۂ ذات الرقاع ہوا، مقابلہ کی نوبت نہیں آئی۔ اس سفر میں ''نمازِ خوف'' اور ''تیمم'' کا حکم نازل ہوا، پھر غزوۂ احد صغریٰ ہوا، گزشتہ سال جنگ اُحد سے واپسی پر قریش کہہ گئے تھے کہ آئندہ سال پھر اسی مقام پر جنگ ہوگی، آپ ﷺ حسب وعدہ اُحد کی طرف نکلے، لیکن قریش مقابلہ کے لیے نہیں آئے۔ ۵ھ۔۔۔۔۔اس سال غزوۂ دومۃ الجندل ہوا، دشمن اپنے مویشی چھوڑ کر بھاگ گئے، پھر غزوۂ بنی مصطلق ہوا، مقابلہ میں اس قبیلے کے دس آدمی مارے گئے، باقی قید ہوئے۔ انہی قیدیوں میں ان کے سردار حارث کی لڑکی جویریہ تھیں، آپ ﷺ نے ان کو آزاد کر کے ان سے نکاح کر لیا۔ یہ نکاح تمام قیدیوں کے آزاد کرنے اور ان کے اسلام لانے کا ذریعہ بنا۔ پھر غزوۂ احزاب پیش آیا، قریش نے تمام قبائل عرب اور یہود کو ساتھ لے کر دس ہزار کی تعداد میں مدینہ کا محاصرہ کیا، مسلمانوں نے اپنی حفاظت کے لیے ایک لمبی خندق کھودی۔ قریش کا محاصرہ پندرہ دن جاری رہا، بالآخر اللہ تعالیٰ نے تند ہوا اور فرشتوں کا لشکر بھیجا اور دشمن ناکام لوٹا۔ پھر غزوۂ بنی قریظہ ہوا اور یہود بنی قریظہ کو عہد شکنی کی سزا میں قتل کیا گیا، اسی سال حج فرض ہوا اور پردہ کی آیات نازل ہوئیں۔ ۶ھ۔۔۔۔۔اس سال غزوۂ بنی لحیان، غزوۃ الغابہ اور صلح حدیبیہ ہوئی۔ آپ ﷺ چودہ سو صحابہ S کے ساتھ عمرہ کی نیت سے غیر مسلح مکہ مکرمہ کے لیے روانہ ہوئے۔ قریش نے مقام حدیبیہ میں آپ ﷺ کو روک دیا۔ آخر کار چند شرطوں پر صلح ہوئی، ان میں سے ایک یہ تھی کہ دونوں فریق دس سال تک آپس میں جنگ نہیں کریں گے۔ اسی موقع پر ایک درخت کے نیچے بیعت رضوان ہوئی، اسی سال آپ ﷺ نے مختلف بادشاہوں کے نام دعوتی خطوط بھیجے، ان میں سے بعض مسلمان ہو گئے۔ ۷ھ۔۔۔۔۔اس سال حدیبیہ سے واپسی پر خیبر فتح ہوا، مہاجرین حبشہ کی واپسی ہوئی، فدک مصالحانہ طور پر فتح ہوا، غزوۂ وادی القریٰ ہوا، آپ ﷺ صحابہ S کی معیت میں عمرۃ القضاء کے لیے مکہ تشریف لے گئے، وہاں تین دن قیام کے بعد واپسی ہوئی۔ ۸ھ۔۔۔۔۔اس سال جنگ موتہ ہوئی، جس میں مسلمانوں کے تین سپہ سالار، زید بن حارثہؓ، جعفر بن ابی طالبؓ، عبد اللہ بن رواحہؓ یکے بعد دیگرے شہید ہوئے۔ پھر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امیر لشکر مقرر کیا گیا، دشمن کو شکست ہوئی اور کافی مالِ غنیمت ہاتھ آیا۔ اسی سال مکہ مکرمہ کی فتح کا عظیم واقعہ ہوا۔ قریش نے جنگ بندی کا معاہدہ توڑ ڈالا تھا، آپ ﷺ دس ہزار

قدوسیوں کے ساتھ مکہ مکرمہ میں فاتحانہ داخل ہوئے۔ قریش نے ہتھیار ڈال دیئے، آپ ﷺ نے امن عام کا اعلان فرمایا، کعبۃ اللہ کے گرد و پیش سے بتوں کی نجاست کو صاف کیا، ارد گرد کے قبائل میں بت شکنی کے لیے وفود بھیجے۔ مکہ کی فتح اور آپ ﷺ کا دشمنوں سے سلوک کون نہیں جانتا کہ مکی زندگی کے تیرہ (۱۳) سالوں میں مکہ والوں نے آپ ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام S پر کیا کیا ستم ڈھائے۔ انہیں تپتی ریت اور آگ کی چنگاریوں پر لٹایا گیا، انہیں مکہ میں اپنے گھر بار چھوڑنے پر مجبور کیا گیا، حتیٰ کہ انہیں شہید تک کر دیا گیا۔ نبی کریم ﷺ کو طرح طرح کی تکلیفیں دی گئیں، آپ ﷺ کے راستے میں کانٹے بچھائے گئے، نماز میں سجدہ کی حالت میں اونٹ کی اُوجھڑی سر پر ڈالی گئی۔ یہاں تک کہ نبی پاک ﷺ کے قتل کا ناپاک منصوبہ بنایا اور جب آپ ﷺ اور

صحابہ کرامؓ ہجرت کر کے مدینہ منورہ پہنچے تو وہاں بھی ان کے خلاف سازشیں رچیں اور جنگ بدر، جنگ اُحد اور جنگ احزاب کی نوبت آئی۔ لیکن اب مکہ مکرمہ فتح ہو گیا ہے، آپ ﷺ ایک فاتح کی حیثیت سے اس شہر میں داخل ہوتے ہیں، لیکن دنیا کے فاتحین کی طرح متکبرانہ انداز میں ہر گز نہیں، بلکہ نہایت تواضع اور انکساری کے ساتھ، سر مبارک جھکائے ہوئے، ہزاروں جانثاروں کے ساتھ ربّ العزت کا شکر ادا کرتے ہوئے۔ بیت اللہ کو بتوں سے پاک فرماتے ہیں اور اس کا طواف فرماتے ہیں۔ مجمع اکٹھا ہو جاتا ہے، قریش مکہ آپ ﷺ کے سامنے بیٹھ جاتے ہیں اور ان کے دل و دماغ میں وہ تمام جرائم آ کھڑے ہوتے ہیں جو انہوں نے نبی پاک ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام S کے ساتھ کیے تھے۔ آج یہ سب مجرم آپ ﷺ کے سامنے سر جھکائے بیٹھے ہیں۔ آج اگر آپ ﷺ کی جگہ کوئی اور دنیا کا فاتح حکمران ہوتا تو اپنے دشمنوں کے ساتھ کیا سلوک کرتا؟ غالباً وہی کرتا جو جابر حکمران کیا کرتے ہیں، لیکن آپ اللہ کے رسول اور رحمۃٌ للعالمین ہیں، اخلاق کے اونچے مقام پر فائز ہیں، جن کے اعلیٰ اور عظیم اخلاق کی تعریف خود باری تعالیٰ نے فرمائی ہے: "وَإِنَّکَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ"۔ (القلم:۴) ترجمہ: "اور بے شک آپ بڑے بلند اخلاق پر قائم ہیں۔" آپ ﷺ نے اُن سب سے مخاطب ہو کر فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے آج میں تم سے کیا سلوک کرنے والا ہوں؟ سب نے بیک زبان جواب دیا: "اَخٌ کریم وابن اَخٍ کریم۔" آپ ایک شریف بھائی ہیں اور ایک شریف بھائی کے فرزند ہیں، یعنی ہم آپ سے امید رکھتے ہیں جو ایک شریف بھائی سے رکھی جاتی ہے۔

پھر آپ ﷺ نے فرمایا: میں آج تم سے وہی بات کہتا ہوں جو میرے بھائی یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے کہی تھی: "لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ أَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ"۔ (یوسف:۹۲) ترجمہ: "آج تم پر کوئی سرزنش اور ملامت نہیں، اللہ تم کو معاف کرے اور وہ سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔" یعنی سزا تو سزا آج میں تمہارے جرائم بھی یاد نہیں دلاؤں گا کہ ان کا تذکرہ کر کے تم پر ملامت کی جائے۔ پھر فرمایا: "اذہبوا فانتم الطلقاء۔" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "جاؤ! تم سب آزاد ہو۔" آج رحم و کرم کا دن ہے، جو شخص ابو سفیانؓ کے گھر داخل ہو جائے' اُسے امن ہے۔ جس نے اپنے گھر کا دروازہ بند کر دیا' اُسے امن ہے۔ جو مسجد حرام میں داخل ہو گیا' اُسے امن ہے۔ اسی حسن اخلاق کا نتیجہ تھا کہ ان میں سے اکثر مسلمان ہوئے اور دل و جان سے آپ ﷺ سے محبت کرنے لگے اور دشمن کی بجائے دوست بن گئے۔ نبی کریم ﷺ نے جہاں امت کو کریمانہ اخلاق کی تعلیم دی ہے، وہاں اپنے عمل سے ان کے سامنے اعلیٰ اخلاق کا نمونہ بھی پیش فرمایا ہے۔ آپ ﷺ کی یہ اخلاقی تعلیمات آپ ﷺ کی زندگی میں روزِ روشن کی طرح واضح ہیں، جن کی نظیر انسانی تاریخ پیش کرنے سے قاصر ہے۔ غزوۂ حنین فتح مکہ کے بعد غزوۂ حنین ہوا، قبلہ ثقیف و ہوازن کے لوگ مقابلہ کی تیاری کر رہے تھے۔ آپ ﷺ کو اطلاع ملی تو بارہ ہزار کا لشکر اُن کے مقابلہ میں لے کر نکلے، بعض مسلمانوں کو خیال ہوا کہ اتنا بڑا لشکر کیسے مغلوب ہو سکتا ہے، مگر دشمن نے تیروں کی بارش شروع کی تو مسلمانوں کے قدم اُکھڑ گئے، آنحضرت ﷺ اپنے چند صحابہؓ کے ساتھ جمے رہے، پھر مسلمانوں نے پلٹ کر حملہ کیا، دشمن کو شکست ہوئی، کچھ مارے گئے، کچھ بھاگ گئے، ان کی عورتیں اور بچے قیدی بنے، تمام مال مویشی پر مسلمانوں کا قبضہ ہوا، جو بھاگ نکلے تھے، وہ طائف جا کر قلعہ بند ہو گئے۔ آپ ﷺ نے اُنیس دن تک طائف کا محاصرہ کیا، پھر آپ ﷺ جعرانہ واپس ہوئے، جنگ حنین کے قیدی یہیں تھے، اتنے میں قبیلہ ہوازن مسلمان ہو کر حاضر خدمت ہوا، آپ ﷺ نے ان کے قیدی واپس کر دیئے۔ جعرانہ سے عمرے کا احرام باندھا اور راتوں رات عمرہ ادا کر کے مدینہ طیبہ روانہ ہو گئے۔ ۹ھ۔۔۔۔ اس سال غزوۂ تبوک ہوا، آپ ﷺ کو رومیوں کی تیاری کی اطلاع ہوئی، آپ ﷺ تیس ہزار کا لشکر لے کر روم کی سرحد پر مقام تبوک پہنچ گئے، لیکن رومی مقابلہ کے لیے نہیں آئے، ائیلہ کے سردار اور دوسرے قبائل نے جزیہ پر صلح کر لی۔ اسی سال حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "امیر حج"

بنا کر بھیجا، یوم النحر میں اعلان کیا گیا کہ آئندہ کوئی مشرک حج کرنے نہیں آئے گا، نہ برہنہ طواف کرے گا۔ اسی سال مختلف علاقوں کے وفود آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور لوگ فوج در فوج اللہ کے دین میں داخل ہونے لگے۔ ۱۰ھ۔۔۔۔۔اس سال حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی امارت میں ایک دستہ بنی مدلج کے مقابلہ میں بھیجا، اُن کے بیس آدمی مارے گئے، باقی مسلمان ہوئے۔ اسی سال حضرت معاذ بن جبل اور ابو موسیٰ اشعری r کو تعلیم و تبلیغ کے لیے یمن بھیجا۔ اس سال کا اہم ترین واقعہ آپ ﷺ کا آخری حج ہے، جسے حجۃ الوداع، حجۃ البلاغ، حجۃ الکمال، حجۃ التمام، حجۃ الاسلام کہا جاتا ہے۔ آپ ﷺ نے عرفات اور منیٰ کے خطبوں میں دین کے بنیادی اصولوں کی تعلیم فرمائی۔ بنیادی اصولوں کی تعلیم آپ ﷺ کی

زندگی' حاکم وقت اور قاضی کے لیے نمونہ آپ ﷺ کی زندگی پورے عالم کے لیے نمونہ ہے۔ آپ ﷺ کی زندگی ایک مسلمان حاکم کے لیے بھی اُسوۂ حسنہ ہے، کیوں کہ آپ ﷺ ایک اسلامی مملکت کے ایک عادل سربراہ بھی تھے اور آپ ﷺ نے اس مملکت کو نہایت کامیابی کے ساتھ چلایا۔ آپ ﷺ کی سیرت ایک قاضی اور جج کے لیے بھی بہترین نمونہ ہے، کیوں کہ آپ ﷺ ایک عادل اور منصف قاضی بھی تھے اور آپ ﷺ نے قضاء اور عدل وانصاف کے وہ اصول بیان فرمائے، جن سے انسانیت قیامت تک مستغنی نہیں ہو سکتی، آپ ﷺ ہی کا فرمان ہے: ''بخدا اگر محمد (ﷺ) کی بیٹی فاطمہ بنت محمد بھی چوری کا ارتکاب کرتی تو میں اس کا ہاتھ بھی کاٹ دیتا۔'' اور آپ ﷺ ہی کا فرمان ہے: ''اگر لوگوں کو صرف ان کے دعوے اور مطالبہ پر ان کا مطلوب دے دیا جائے تو کچھ لوگ دوسروں کے خون اور مالوں کا دعویٰ شروع کر دیں گے، لیکن مدعی کے ذمہ ثبوت ہے اور مدعا علیہ پر قسم ہے۔'' آپ ﷺ کی زندگی فوجی جرنیل کے لیے نمونہ آپ ﷺ کی زندگی ایک فوجی جرنیل اور بہادر سپاہی کے لیے بھی اُسوۂ حسنہ ہے، کیوں کہ آپ ﷺ میں ایک فوجی قائد کی شجاعت، تدبر اور شفقت جیسی اعلیٰ صفات موجود تھیں۔ آپ ﷺ کی بہادری اور شجاعت بہادری اور شجاعت ایسی کہ غزوۂ حنین میں جب دشمنوں نے تیروں کی بارش برسادی تو بہتوں کے قدم اُکھڑ گئے، لیکن آپ ﷺ اپنے جانثاروں کے ساتھ بجائے پیچھے ہٹنے کے آگے بڑھ رہے تھے اور فرما رہے تھے: أنا النبی لا کذب أنا ابن عبد المطلب ''میں سچا نبی ہوں، میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔'' ایک بار اہل مدینہ کو یہ خطرہ لاحق ہوا کہ کوئی دشمن حملہ کرنے والا ہے، گھبرا کر باہر نکلے، تاکہ معلومات حاصل کریں، کیا دیکھتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ تن تنہا ایک گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر سوار باہر سے واپس تشریف لا رہے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ: گھبراؤ نہیں، میں سب دیکھ کر آگیا ہوں، کوئی خطرہ نہیں۔ آپ ﷺ اپنی امت کے ہر فرد کو ایک مجاہد اور مضبوط انسان دیکھنا چاہتے تھے، آپ ﷺ ہی کا ارشاد ہے: ''ایک قوی مومن اللہ کے ہاں زیادہ بہتر اور پیارا ہے کمزور مومن کے مقابلے میں اور دونوں میں خیر موجود ہے''۔ سنتِ مشورہ آپ ﷺ غزوات میں تجربہ کار صحابہ کرام S سے مشورہ بھی فرماتے تھے اور اس پر عمل بھی فرماتے، جیسا کہ غزوۂ بدر اور غزوۂ خندق کے واقعات اس پر شاہد ہیں۔ آپ ﷺ کی رحم دلی اور عدل و انصاف اس شجاعت کے ساتھ رحم دلی اور عدل وانصاف کا یہ عالم ہے کہ جب کسی لشکر اور فوج کو روانہ فرماتے تو اُنہیں اس بات کی تاکید فرماتے کہ کسی عورت، بچے، بوڑھے اور عبادت میں مشغول انسان کو ہرگز قتل نہ کیا جائے۔ آپ ﷺ کا صبر و تحمل صبر و تحمل میں آپ ﷺ سب کے امام ہیں، ایک اعرابی آتا ہے اور آپ ﷺ کی چادر کو اتنا زور سے کھینچتا ہے کہ گردن مبارک پر نشانات پڑ جاتے ہیں اور وہ کہہ رہا ہے کہ مجھے اللہ کے مال میں سے دیجیے۔ آپ ﷺ مسکرا رہے ہیں اور حکم فرماتے ہیں کہ اس کو اتنا مال دے دیا جائے۔ آپ ﷺ استقامت کے پہاڑ حق پر صبر و استقامت کی آپ ﷺ نے وہ مثال قائم فرمائی جس کی نظیر تاریخ انسانیت پیش کرنے سے قاصر ہے، آپ ﷺ کے مخالفین نے آپ ﷺ کو مال و دولت، خوب صورت عورت اور دنیا کے جاہ و جلال کی لالچ دی، تاکہ آپ ﷺ دعوت حق کو ترک کر دیں، لیکن ان میں سے کوئی چیز بھی آپ ﷺ کو ذرہ برابر متاثر نہ کر سکی اور آپ ﷺ نے ان کو اِن تاریخی کلمات سے جواب دیا جو اہل حق کے لیے ہمیشہ مشعل راہ رہیں گے، آپ ﷺ نے فرمایا: ''قسم بخدا! اگر یہ لوگ سورج کو میرے داہنے ہاتھ پر رکھ دیں اور چاند کو بائیں ہاتھ پر رکھ دیں، تاکہ میں اپنی اس دعوت حق کو چھوڑ دوں تو میں ہرگز اُسے نہیں چھوڑوں گا، جب تک کہ اللہ اُسے غالب نہ کر دے یا اسی میں میری موت آجائے۔'' آپ ﷺ کا عفو و کرم عفو و کرم میں اگر دیکھا جائے تو آپ ﷺ کا کوئی ثانی نہیں ملے گا، فتح مکہ کی مثال جو اوپر گزری، ایسی ہے کہ اس کی کوئی نظیر پیش نہیں کی جا سکتی۔ خود آپ ﷺ کا ارشاد ہے: ''جو تجھ سے قطع رحمی کرے تو اس کے ساتھ صلہ رحمی کر، جو تجھے نہ دے تو اُسے دے، جو تجھ پر ظلم کرے تو اُسے معاف کر دے اور جو تجھ سے برا سلوک کرے تو اس کے ساتھ اچھا

سلوک کر۔'' آپ ﷺ کی سخاوت جود و سخا میں بھی آپ ﷺ سب سے آگے ہیں، صحابہ کرام s فرماتے ہیں: ''رسول اللہ ﷺ سب سے زیادہ سخی تھے اور رمضان المبارک میں تو آپ ﷺ کی جود و سخا کا سمندر ٹھاٹھیں مارتا تھا۔'' اونچے اخلاق اخلاق میں آپ ﷺ اتنے اونچے مقام پر تھے کہ خود باری تعالیٰ نے آپ ﷺ کی اس صفت کو خصوصیت سے ذکر کیا: ''اور یقیناً آپ بڑے بلند خلق پر قائم ہیں۔'' بہترین شوہر، مشفق باپ اور وفادار دوست اسی طرح آپ ﷺ ایک بہترین شوہر، مشفق باپ اور وفادار دوست بھی تھے، آپ ﷺ نے اپنی زندگی کا نمونہ پیش فرما کر اُمت کو بتادیا کہ ایک مسلمان شوہر کیسا ہونا چاہیے، ایک باپ کیسا ہو اور ایک دوست کیسا ہو۔ آپ ﷺ ایک کامیاب معلم اور مربی آپ ﷺ کی ایک امتیازی صفت معلم اور مربی کی ہے۔ آپ ﷺ کامل معلم، استاذ اور ایک عظیم مربی

تھے، اس لیے تعلیم کے میدان میں کام کرنے والے اور جن حضرات پر نئی نسل کی تربیت کی ذمہ داری ہے، سب کے لیے آپ ﷺ اسوۂ حسنہ ہیں۔ ۱۱ھ آپ ﷺ کا وصال ۱۱ھ میں آپ ﷺ نے رومیوں کے مقابلہ میں ''اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لشکر'' تیار فرمایا، مگر لشکر کی روانگی سے قبل ہی آپ ﷺ کی طبیعت ناساز ہوگئی۔ یہ آپ ﷺ کا مرضِ وفات تھا، اس دوران آپ ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر رہے، نماز کی امامت کے لیے اپنی جگہ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مقرر فرمایا۔ دوشنبہ بارہ ربیع الاوّل کو ۶۳ سال کی عمر میں آپ ﷺ کا وصال ہوا، جب کہ آپ ﷺ اللہ کی امانت اللہ کے بندوں کو پہنچا چکے تھے اور دعوت وہدایت کا کام پورا ہو چکا تھا۔ چہار شنبہ کی رات آپ ﷺ کو غسل دیا گیا، تین کپڑوں میں کفن دیا گیا اور مسلمانوں نے غم زدہ دلوں کے ساتھ فرداً فرداً نماز جنازہ پڑھی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وہی حجرہ آپ ﷺ کی آخری آرام گاہ بنی۔ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وأصحابہ وأتباعہ وسلم تسلیماً کثیراً کثیراً۔ اولاد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تین صاحب زادے تھے: قاسمؓ، عبد اللہؓ، ابراہیمؓ سب کا بچپن میں ہی انتقال ہوا۔ چار صاحب زادیاں تھیں: زینبؓ، رقیہؓ، امّ کلثومؓ اور خاتون جنت فاطمۃ الزہراؓ۔ ازواجِ مطہرات u خدیجۃ الکبریٰؓ، عائشہ صدیقہؓ، حفصہؓ، امّ سلمہؓ، سودہؓ، زینب بنت جحشؓ، میمونہؓ، زینب بنت خزیمہؓ، جویریہؓ، صفیہؓ، امّ حبیبہؓ۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ اور زینب بنت خزیمہؓ کی وفات آپ ﷺ کی حیات میں ہوئی۔ باقی نو (۹) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت موجود تھیں۔ (رضی اللہ عنہن) حسن وجمال آپ ﷺ کے حسن وجمال کے بیان سے تو قلم وقرطاس قاصر ہیں، تاہم دو شعر قارئین کی تشنگی شوق کی تسکین کے لیے حاضر ہیں: وأحسن منک لم تر قط عینی وأجمل منک لم تلد النساء خلقت مبرأ من کل عیب کأنک قد خلقت کما تشاء ''آپ (ﷺ) سے زیادہ حسین میری آنکھوں نے نہیں دیکھا۔ اور آپ (ﷺ) سے زیادہ جمیل کسی ماں نے کوئی بچہ نہیں جنا۔ آپ (ﷺ) ہر عیب سے فطرتاً پاک وصاف پیدا ہوئے، گویا جیسا آپ (ﷺ) چاہتے تھے ویسے ہی پیدا ہوئے۔''۔۔۔

سلسلہ یادِ شہداء (۳)

مردِ میدان، شہید سیف اللہ عرف ابوبصیر الشامی رحمہ اللہ

اکتوبر 2003ء کی خنک ہواؤں میں ایک طرف ملتِ اسلامیہ کے سینے پر غم کی چادر تنی ہوئی تھی—کہ مولانا اعظم طارق شہید رحمہ اللہ تعالیٰ اپنے خون سے وفا کی تاریخ رقم کر گئے—تو وہیں قدرت نے اُسی موسم میں ایک چراغ جلایا، جو ظلمتوں میں روشنی کا پیام بنے گا، ایک مردِ قلندر، نڈر و بے باک نوجوان، حبیب الرحمن المعروف کمانڈر سیف اللہ، ابوبصیر الشامی اس دنیا میں جلوہ گر ہوا۔ یہ نوزائیدہ چراغ ایک ایسے خانوادے میں روشن ہوا جو دین و دیانت کی خوشبو سے معطر تھا اور جس کی زبان سرائیکی اور قوم جھمٹ۔ (یہ ذکر محض تعارف و دعوتِ جہاد کے تناظر میں ہے، کسی فخر و تفاخر کے لیے نہیں۔)

ابتدائی تعلیم کا سفر شہر احمد پور شرقیہ کے ایک مقامی اسکول میں چھ جماعتوں تک جاری رہا۔ پھر وہ لمحہ آیا جب دل کی دھڑکنیں قرآنِ مقدس کے آیات سے ہم آہنگ ہو گئیں۔ قریبی مدرسے میں حفظِ قرآن کا آغاز کیا، اور دو سے اڑھائی برس کے قلیل عرصے میں قرآن مجید کو سینے میں محفوظ کر لیا۔ پھر علمِ دین کے بحرِ ناپیدا کنار—درسِ نظامی—میں قدم رکھا۔ آپ کا علمی پس منظر بھی کسی قندیل سے کم نہ تھا۔ نانا محترم جلیل القدر عالمِ دین تھے، اور والدِ گرامی، ہمارے استادِ محترم، استاذ العلماء، شیخ الحدیث مولانا محمد سلیمان صاحب دامت برکاتہم، ایسے عالمِ ربانی ہیں جن کے علمی فیوض سے آج بھی سینکڑوں قلوب و اذہان منور ہو رہے ہیں۔

مگر حبیب الرحمن صرف علم کا متلاشی نہ تھا، اُس کا دل تو جہاد کے ولولے سے سرشار تھا۔ بچپن ہی سے جذبۂ جہاد دل میں انگڑائیاں لینے لگا تھا۔ لڑکپن کی دہلیز پر قدم رکھتے ہی جیشِ محمد کا دامن تھاما، کشمیر کے جہاد پر لکھی گئی کتب کا مطالعہ کیا، اور مولانا مسعود اظہر صاحب کے ولولہ انگیز کالموں سے فکری و روحانی غذا حاصل کی۔ کئی برس تک اسی کارواں کے ہم سفر رہے، پھر حالات نے ایک نیا موڑ لیا۔ ذرائع ابلاغ کے توسط سے تحریک کے نظریاتی رفقاء سے شناسائی ہوئی، اور دل نے «جہادِ پاکستان» کو اپنا مقصدِ حیات بنا لیا۔ میڈیا پر از خود دعوتی عمل کا آغاز کیا، اور اسی راستے پر کارزارِ حق میں مسلسل رواں دواں رہے۔ علم و عمل کا سنگم ان کی شخصیت کا نادر پہلو تھا۔

رفتہ رفتہ تحریک کے ذمہ دار افراد سے روابط استوار کیے، اور یوں دعوتی کوششوں کو جہادی صف میں عملی تبدیلی کا راستہ ملا۔ اللہ نے اس راہ میں بھی انہیں کامیابی و قبولیت سے نوازا۔ سنہ 2022 میں تحریکِ طالبان پاکستان کے معسکر (تربیت سنٹر) میں شامل ہو کر عسکری تربیت مکمل کی۔ وطن واپس لوٹنے کے ایک ماہ بعد، ایک جمعرات کا دن تھا، آپ روزے سے تھے اور افطار کا انتظام کر رہے تھے کہ ایک اجنبی کال موصول ہوئی۔ نیک نیتی سے ملاقات کے لیے باہر تشریف لے گئے، مگر وہاں غداری کی تاریک آندھی نے استقبال کیا اور بدنامِ زمانہ سی ٹی ڈی نے گرفتار کر لیا۔

ایک ہفتہ تک آپ لاپتہ رہے۔ پھر جھوٹے الزامات کے ساتھ عدالت میں پیش کیا گیا اور پرانی روش کے مطابق بے بنیاد مقدمہ بنا کر سینٹرل جیل بہاولپور منتقل کر دیا گیا۔ تاہم، ایک ہفتہ بعد ضمانت پر رہائی نصیب ہوئی۔ یہ مقدمہ ایک برس جاری رہا، جس میں آپ بارہا عدالت میں حاضر ہوتے رہے، یہاں تک کہ جنوری 2024 میں آپ باعزت بری کر دیے گئے۔

رہائی کے بعد آپ نے فوری طور پر درجہ ثالثہ کے امتحانات دیے، اور پھر دو مخلص ساتھیوں کے ہمراہ سفرِ ہجرت کا عزم کیا۔ ان دو ہم سفروں میں ایک ناچیز، راقم الحروف بھی شامل تھا۔ یہ ہجرت، جو ایثار، اخلاص اور قربانی کی علامت تھی، چار دنوں پر مشتمل ایک عظیم الشان روحانی و جسمانی سفر تھا۔

ہجرت سے مرکزِ محاذ تک:

ہجرت کا یہ چار روزہ مبارک سفر، جو بظاہر وقت میں مختصر تھا، درحقیقت صبر، وفا، مشقت اور فقر کی ایک طویل داستان سمیٹے ہوئے تھا۔ ہر لمحہ ایک نئی آزمائش، ہر قدم ایک نئی قربانی کی تصویر تھا۔ میں نے ان دنوں آپ کو جس شانِ استقامت اور جگر داری کے ساتھ دیکھا، وہ منظر ہمیشہ دل کی آنکھوں میں محفوظ رہے گا۔ ہم تین ساتھی، ایک ہی بیگ میں

اپنے ضروری سامان کے ساتھ رواں دواں تھے، اور سیف اللہ، جن کے کندھوں پر نہ صرف اپنے بوجھ کا بار تھا بلکہ دوسروں کے ساز و سامان کو بھی اُٹھائے، پہاڑوں کی بلند چوٹیوں کی طرف قدم بہ قدم آگے بڑھ رہے تھے۔ اُن کی پیشانی پر نہ تھکن کے آثار، نہ شکوہ، صرف ایک عجیب اطمینان اور رضا کے سائے تھے۔

جب رات کے تقریباً دس بجے ہم نے اپنے مطلوبہ علاقے میں پہلا قدم رکھا، تو حضرت نے بے ساختہ سجدۂ شکر ادا کیا۔ اس لمحے کی روحانیت اور سرشاری بیان سے باہر ہے۔ اگلے روز یعنی سخت اور خنک شب میں جب ہم ریگستانی راستوں پر ایک بھری ہوئی لوڈر گاڑی میں سوار تھے، حضرت سکون و طمانینت کے ساتھ تشریف فرما تھے، حالانکہ سفر نہایت تکلیف دہ تھا بالآخر صبح سات بجے ہمارا یہ پہلا مرحلہ

مکمل ہوا۔ مقامی رابطہ کار سے آگے کے طویل سفر—تیرہ گھنٹے—کے لیے روانگی کا انتظام ہوا۔ یوں کل چار دن میں ہم مرکز پہنچ گئے۔

مرکز پر پہنچ کر امیر محترم اور دوسرے ساتھیوں سے ملاقات ہوئی، تو دل خوشی سے لبریز ہو گیا۔ تقریباً دس دن بعد آپ کی «اسنائپر کلاس» کا آغاز ہوا، جس میں خاکسار بھی شریک تھا۔ خوش نصیبی سے میری جوڑی خود حضرت کے ساتھ بنی۔ تربیت کے ہر لمحے میں وہ سراپا خلوص، شوق، اخلاص اور بے نیازی کا پیکر نظر آتے۔ اسی دوران میری جسمانی تربیت کا سلسلہ بھی شروع ہوا، جس میں آپ نے بھرپور شرکت کی۔ یہ سب کچھ رمضان المبارک کے پر نور مہینے میں ہو رہا تھا۔ آپ روزے کی حالت میں بھی خوش دلی سے خدمت کرتے، دوسروں کی مدد کرتے اور مجھے بھی اسی خیر کی طرف بلاتے۔ یہ تربیت عید سے تین دن پہلے مکمل ہوئی۔

عید کا تیسرا دن تھا جب تشکیل کا وقت آ پہنچا۔ ہجرت سے قبل ہم نے ضروری سامان مشترکہ طور پر خریدا، دو جوڑے کپڑوں کے—ایک سفید اور ایک سیاہ—حضرت نے نہایت محبت سے منتخب کیے۔ مگر دل کو چیر دینے والا منظر وہ تھا جب ہجرت کے آخری ڈیڑھ دن میں حضرت نے پھٹے ہوئے جوتوں میں سفر طے کیا، جن سے چھوٹے پتھر اندر گھس آتے تھے۔ نئے جوتے خریدنے کی استطاعت نہ تھی۔

جب تشکیل کا وقت آیا تو میں نے حضرت سے کہا:

«اب وہ نئے کپڑے پہن لیجیے۔»

تو حضرت نے مسکرا کر فرمایا:

«نہیں، نیا لباس تو نیچے جا کر کارروائی کے وقت پہنوں گا۔»

تشکیل موسم اور بارش کے باعث کچھ تاخیر سے نکلی۔ روانگی کے وقت آپ نے ایک دل گداز بیان فرمایا، جس میں درد، محبت اور اخلاص کی ایسی تاثیر تھی کہ مرکز کے امیر سمیت تمام ساتھی رو پڑے۔ پھر دعا مانگی—ایسی دعا کہ ہچکیاں بندھ گئیں، آنکھیں اشک بار ہو گئیں، اور دل کی دنیا ہل گئی۔ یہ تشکیل اب پہاڑوں کی طرف پیدل روانہ ہو چکی تھی۔ یہ سفر 23 دن پر محیط تھا، جس میں ہر قدم آزمائشوں کی راکھ میں دبی ہوئی آگ کی مانند تھا۔ حضرت کمزور ساتھیوں کو سہارا دے کر چلتے، ان کی ہمت بندھاتے۔ میری دو بار طبیعت بگڑ گئی، تو آپ نے میرا اسلحہ خود اٹھا لیا۔

چھٹے دن کا وہ ہولناک لمحہ کبھی نہیں بھولے گا، جب ہم «سمبازہ قلعہ» کے مقام پر پہنچے۔ رات کے اڑھائی بجے تھے۔ حضرت میرے ساتھ تھے کہ اچانک ساتھ بہتے نالے سے پانی لینے لگے اور مجھ سے کچھ دور ہو گئے۔ اسی لمحے دشمن کی طرف سے اچانک فائرنگ اور ہاون بمباری شروع ہو گئی۔ اس حملے میں آپ زخمی ہو گئے۔ ہاون کے دو پرزے، ایک دل کے قریب اور دوسرا ہاتھ میں آکر پیوست ہو گئے۔ خون کا فوارہ بہہ نکلا، مگر حضرت نے حوصلہ نہ ہارا۔ زخمی جسم، مگر پُر عزم روح کے ساتھ اپنی منزل کی طرف بڑھتے رہے۔

پنجاب اور کے پی کے بارڈر کے قریب موجود مرکز میں ساتھیوں سے جا ملے۔

کچھ وقت گزرا، زخم بھرے، مگر جذبہ سلامت رہا۔ حضرت نے پھر سے میڈیا کے میدان میں قدم رکھا۔ اب وہ وقت آ گیا تھا جب ان کی سابقہ تمام جدوجہد کی قبولیت کے آثار ظاہر ہونے لگے۔ آپ نے نظریاتی رفقاء سے رابطے تیز کیے اور متعدد مجاہدین کو میدانِ عمل میں اتارنے کا سبب بنے۔

ساتھ ساتھ آپ نے رائل انڈین آرمی کے حوالے سے ایک مفصل کتاب لکھنے کا عزم کیا، جس پر کئی دنوں تک محنت جاری رہی۔ اب یہی تحریر مختلف جہادی مجلات اور «منزل» اخبار میں قسط وار شائع ہو رہی ہے۔

غالب گمان ہے کہ یہ کتاب ستمبر کے آخری ایام میں مکمل ہوئی۔

یوں حضرت کبھی مصنف، کبھی داعی، تو کبھی مجاہد بن کر اس مظلوم امت کے دکھ کو اپنا دکھ سمجھ کر جی رہے تھے اور بالآخر اپنی جان کو دینِ متین کے لیے وقف کر گئے۔

مرکزِ محاذ سے شہادت تک:

وقت کا کارواں گزرتا گیا، اور حضرت سیف اللہؒ محاذ پر اپنی کئی جہتوں والی مصروفیات میں نہایت اخلاص، فہم اور جانفشانی کے ساتھ مصروفِ عمل رہے۔ دس نومبر کو ایک تشکیل پنجاب کے میدانوں کی جانب روانہ ہوئی، جس میں حضرت بھی شامل تھے۔ اس تشکیل کے کمانڈر ایک پختون بزرگ مجاہد تھے، جنہیں امارت کی ذمہ داری تقریباً ڈیڑھ ماہ تک سونپی گئی۔ اس دوران حضرت سیف اللہؒ نہ صرف عام مجاہدین کے سہارے اور تنظیمِ صفوف کا فریضہ ادا کرتے رہے بلکہ اقتصاد جیسے اہم شعبے کی ذمے داری بھی نہایت احسن انداز سے نبھاتے رہے۔

بعد ازاں، امارت کی ذمہ داری ایک بلوچ بھائی کو منتقل ہوئی، جن کی قیادت بھی تقریباً ایک ماہ تک قائم رہی۔ پھر جنوری کے اختتامی ایّام میں، حضرت سیف اللہؒ کو باقاعدہ امارت سونپی گئی۔ یہ وہ لمحہ تھا جہاں حضرتؒ نے مختصر مدت میں وہ کارہائے نمایاں انجام دیے کہ محاذ کا ہر رکن ان کی بصیرت، جُرأت اور حسنِ قیادت کا معترف ہو گیا۔

آپ سے پہلے والے امیروں کے وقت ہم دو بستیوں تک محدود تھے، لیکن حضرت سیف اللہؒ نے آتے ہی صرف دعوت و حکمت کے ذریعے دو نہیں بلکہ بارہ سے زائد بستیوں میں تحریک کی شمع روشن کر دی۔ اُن کے دورِ امارت میں وہ ضربیں دشمن پر لگیں کہ ملکی و عالمی ذرائع ابلاغ نے بھی ہیڈلائنز میں اس کی بازگشت سنائی۔

سیف اللہ عرف ابو بصیر الشامی رحمہ اللہ نہ صرف ایک کمانڈر تھے بلکہ ولایتی سطح پر «ٹی آئی اے» کے ذمے دار، بستی کے عام مسلمانوں کے دُکھوں کے سامع، اور نئے آنے والے مجاہدین کے مربی بھی تھے۔ ان کے کندھوں پر ذمہ داریاں تو بے شمار تھیں، مگر وہ تنہا لشکر کی طرح ان سب کو بخوبی ادا کر رہے تھے۔ میڈیا کے محاذ پر ان کا جوابی بیانیہ دشمن کو دانتوں تلے پسینہ لانے پر مجبور کر دیتا۔

اسی دوران، آئی ایس آئی کے حاضر سروس اہلکار شاہ زیب کی گرفتاری میں بھی سیف اللہؒ نے کلیدی کردار ادا کیا۔ وہ ایک ایسے مجاہد تھے جنہیں مختصر وقت میں کئی ذمہ داریوں کا حامل اس لیے بنایا گیا کہ ان میں فطری قائدانہ صلاحیت، حکمت، تقویٰ اور بے پناہ فہم موجود تھا۔

جب کوئی کاروائی طے ہوتی، تو آپ پیچھے بیٹھ کر جنگی حکمتِ عملی ترتیب دیتے، ساتھیوں کو یوں سمجھاتے گویا خود میدان میں صفِ اوّل میں ہوں۔ جب کوئی خطرناک، دشوار گزار یا مشتبہ راستہ آتا، تو حضرت خود آگے بڑھتے۔ نہ صرف منصوبہ بندی ان کی، بلکہ زمینی معائنہ بھی انہی کا تھا۔ رفتہ رفتہ انہوں نے اپنے نیٹ ورک کو اتنا منظم کر لیا کہ کارروائیاں منظم، فوری اور مؤثر ہو گئیں۔ شہادت سے چند روز قبل، آپ نے کچھ منتخب مجاہد ساتھیوں پر مشتمل ایک «قطعہ» ترتیب دیا، جس کے کمانڈر خود حضرت تھے۔ اس قطعہ کے بارے میں حضرت نے فرمایا:

«اگر ایک کارروائی پر ایک لاکھ بھی خرچ ہو، تو میں خود ادا کروں گا۔»

یعنی نہ صرف فکری اور عسکری قیادت، بلکہ اقتصادی کفالت کا بوجھ بھی حضرت نے اپنے کندھوں پر لیا تھا۔ یہ قطعہ اپنی پہلی دعوتی مہم پر، بارہ بستیوں کے بعد «باجھہ» نامی بستی میں گیا۔ مگر بدقسمتی سے اہلِ بستی نے نہ صرف دعوت کو مسترد کیا، بلکہ مجاہدین سے اسلحہ چھیننے اور بدسلوکی کی کوشش کی۔ اللہ کے فضل سے مجاہدین بحفاظت واپس آ گئے، مگر دل زخمی تھے۔

اس واقعے کے چند ہی دن بعد، ہم نے ایک اور مشن کے لیے «کوٹ مبارک» سے ہوتے ہوئے «بستی لکھانی» کی جانب رُخ کیا۔

یہ وہ لمحہ تھا جو وقت کی ساعتوں میں ہمیشہ کے لیے امر ہو گیا

حضرت نے بستی لکھانی اور بستی دولت والی کے درمیان چوک پر ناکہ بندی کی ترتیب طے کی۔ کوٹ مبارک سے آتے ہوئے ہم نے تین ساتھیوں کو بطورِ پہرہ وہیں کھڑا کیا تھا۔ دوران چیکنگ آپ نے دو گروپ بنا دیے ایک دولت والی کی طرف اور ایک بستی لکھانی کی طرف گھات حملہ کے لئے۔

اور پھر حضرت نے اسنائپری کو کہا کہ ذرا دیکھو پکٹ والا کیمرہ لگا ہوا ہے کہ نہیں۔ پکٹ ہم سے ایک کلو میٹر کے فاصلے پر دور تھی۔ اسنائپری نے دیکھا تو کیمرہ لگا ہوا تھا اس نے حضرت کو اطلاع دی تو حضرت اسنائپری کو ساتھ لے کر بقیہ ساتھیوں کو ان کی ذمہ داری دیتے ہوئے پکٹ کی طرف روانہ ہوئے۔ وہ پر نور لمحہ میں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا حضرت شان و شوکت سے حوروں کے نشے میں غرق خدا، کی رضا کا طالب بن کر سر پر پگڑی، آنکھوں میں سرما، ہونٹوں پہ مسکراہٹ، بہادری کا پیکر بنتے ہوئے اپنی کامیابی کی طرف رواں دواں تھے۔ (ہائے ہائے ہائے میں کیوں رشک نہ کروں کہ حضرت کی شہادت والے عین دن حضرت کے ساتھ آخری دوپہر کا کھانا، کھانے کے بعد آم کا جوس، اور پھر حضرت ہی کے ساتھ محو سفر، میں کیوں رشک نہ کروں) میں اور ایک اور ساتھی حضرت سے تقریباً چار سو میٹر کے فاصلے پر تھے، مگر بد قسمتی سے جگہ ایسی تھی کہ حضرت ہمیں نظر نہیں آرہے تھے۔ مغرب سے دس منٹ پہلے کا وقت، حضرت ابھی اپنی مخصوص جگہ تک پہنچے نہیں تھے کہ بدنام زمانہ سی ٹی ڈی پہلے سے مقامی بلڈنگ پر مورچہ سنبھالے ہوئے تھی، حضرت ان کے قریب پہنچ گئے۔ فورسز کیموفلاج میں چھپی ہوئی تھی جس کی وجہ سے حضرت دیکھ نہیں پائے۔ بس پہلی گولی بھی دشمن کی طرف سے چلی، جس نے حضرت کو زخمی کیا، حضرت نے ہمت کرتے ہوئے ساتھ ایک تین فٹ کی مٹی کی بنی دیوار (لٹ) سے دفاع لینا چاہا مگر آہ دوسری گولی دشمن کی طرف سے آئی جس نے حضرت کے وہ سب ارمان پورے کر دیے جن ارمان میں، جس آرزو میں حضرت یکم جون 2025ء تک بے چینی اور بے تابی سے تڑپتے رہے تھے۔

تقبله اللّٰه منا و منكم:

جب فائرنگ شروع ہوئی تو پہلے فائر میں ہی حضرت اور ساتھ والا ساتھی شہادت کے اعلیٰ مرتبے کو پہنچ چکے تھے۔ مگر ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ حضرت اسنائپر سے کام کر رہے ہیں۔ ادھر سے کوٹ مبارک ہمارے تین ساتھیوں پر وہاں سے چھاپہ آگیا شدید فائرنگ کا تبادلہ چل پڑا۔ اب ہم پریشان کہ سیف اللہ بھائی ابھی تک کیوں واپس نہیں آرہے حالانکہ ان کو بھی خبر ہو چکی ہے کہ کوٹ مبارک والے ساتھیوں پر چھاپہ آگیا ہے۔ ہم انتظار کرتے کرتے کافی ٹائم گزر گیا۔ پھر ہم نے سوچا شاید کوئی مسئلہ بن گیا ہوگا، ویسے بھی حضرت خود سمجھدار اور ذمہ دار ہیں وہ نکل آئیں گے تو ہم کچھ ساتھیوں کو وہیں چھوڑ کر کوٹ مبارک والے ساتھیوں کی طرف مدد کے لئے نکل پڑے۔ وہاں پہنچے تو شکر الحمد للہ ساتھی تینوں بحفاظت نکلنے میں کامیاب ہوئے ساتھیوں پر محاصرہ ہو چکا تھا اللہ پاک کی مدد و نصرت تھی۔ ہم سب ساتھی اکٹھے ہو گئے مگر سیف اللہ بھائی اور ساتھ اسنائپری انس بھائی غائب تھے۔ ہم اسی دھوکے میں رہے کہ حضرت نکل گئے ہوں گے۔ کوٹ مبارک سے واپس آتے ہوئے ایک گروپ میں لنک آیا ہوا تھا اوپن کیا تو تونسہ نیوز پر حضرت کا اور انس بھائی کا اسلحہ دکھایا جارہا تھا، تب ہمیں یقین ہو گیا کہ سیف اللہ بھائی اور انس بھائی ہمیں تنہا چھوڑ کر کامیابی کے مرتبے کو پہنچ گئے ہیں۔

حضرت کو شہید کرنے کے بعد دشمن اسلام نے حضرت کی گردن پر کلہاڑی سے وار کیا جس سے حضرت کی آدھی گردن کٹ چکی تھی اور اس کے ساتھ ساتھ حضرت کی ایک آنکھ بھی نکال لی اور جسم پر ڈرل مشین سے مختلف جگہوں پر سوراخ بھی کیے گئے۔ ٹی آئی اے کی تحقیقات کے بعد معلوم ہوا کہ حضرت کو شہید کرنے والا بدبخت اس دن سے آج تک چار پائی پر بیمار پڑا ہے۔
حضرت ایک با عمل عالم دین شیخ الحدیث کے شہزادے تھے۔ حضرت کی شہادت کے دوسرے دن حضرت کے والد محترم پانچ سیکیورٹی گارڈز کے ساتھ وہوا تھانہ میں آئے۔ اسی تھانہ میں حضرت کے والد محترم نے اس طاغوتی نظام کے محافظوں کے خلاف ایک ذمہ دارانہ اور غیر متزلزل بیان کیا، جو کہ سرکاری اہلکاروں نے میڈیا پر نشر نہیں ہونے دیا۔

شہادت کے دو دن بعد آپ کا جسد مبارک نہایت تذلیل اور بے وقعتی کے ساتھ آپ کے ورثاء کے حوالے کیا گیا اور جنازے میں کڑی سختی کی گئی حتیٰ کہ جن لوگوں نے آپ کے جنازے میں شرکت کی وہ سارے کے سارے اداروں کے زیر عتاب آئے۔ کئی آج تک حکومت کی تعذیب گاہوں میں ہیں اسی پر بس نہیں اس نفس مطمئنہ کو شہادت کے بعد شوشل میڈیا پر بھی سب شتم کا نشانہ بنایا ہر طرح کی باتیں ان کے دامن ڈالی ہے۔

لیکن ہم مطمئن ہیں ان شاءاللہ ہمارا بھائی وہ مقصد پا گیا جس کی تلاش میں وہ مارا مارا پھرا کرتا تھا۔ ایک دن وہ لیلائے شہادت سے ہم آغوش ہو گیا۔

نحسبه كذالك والله حسيبه

میڈیا سے جڑے لوگ خیال رکھیں

عبدالقدوس رحمانی

صحافت ایک اہم شعبہ ہے، اگر اس کا استعمال صحافتی اصولوں کے مطابق کیا جائے تو اس سے معاشرے کی اصلاح ہوتی ہے، مظلوم طبقات کو ان کے حقوق ملنا شروع ہوتے ہیں، لوگ حقائق سے آگاہ ہوتے ہیں، ظالموں کے ظلم سے پردہ اٹھ جاتا ہے، مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج کل اکثر وبیشتر صحافی صحافت کے نام کو اسلام دشمنی کے لیے استعمال کرتے دکھائی دیتے ہیں، مظلوموں کے حق میں آواز اٹھانے کے بجائے ظالم کے لئے پبلسٹی کرتے ہیں، حقائق پہنچانے کی بجائے جھوٹ کو حقیقت کا لبادہ پہناتے ہیں۔ الا ماشاءاللہ۔

مثال کے طور پر:

معروف صحافی ہارون رشید صاحب نے ایک ویڈیو (جس میں کسی خاتون پر شرعی حد جاری کی جارہی، اس) کو بنیاد بنا کر خواتین کی تذلیل کا عنوان دے کر طالبان کے خلاف بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی کالم چھاپ دیا۔ اول تو یہ ثابت نہیں کیا جاسکتا کہ یہ ویڈیو طالبان کی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ صحافت کے علاوہ قرآن وحدیث اور فقہ کا بھی مطالعہ کرنا چاہئے، جن کو شریعت کا علم ہے وہ کبھی بھی کسی مرد یا عورت پر حد جاری کرنے کو ظلم نہیں کہہ سکتے۔

اس کے علاوہ آئے روز امارت اسلامیہ افغانستان کے بعض احکامات جیسے، خواتین کا پردہ، موسیقی پر پابندی جیسے مسائل پر بھی ہمارے صحافی حضرات تنقیدی اور تنفر بھری خبر بناتے ہیں۔ اگر آپ سوشل میڈیا پر سرچ کریں تو ایک طرف تو آپ کو ایسی خبریں بھی آسانی سے مل جائیں گی، مگر جب آپ اس کے نیچے کمنٹس پڑھیں گے تو آپ کو پتہ لگ جائے گا کہ یہ میڈیا قوم کی امنگوں کے کتنا خلاف ہے؟۔ یعنی معاشرہ اسلامی ہے، لوگ اسلامی نظریہ رکھتے ہیں مگر میڈیا کچھ اور تھوپنے کی کوشش میں ہے۔ اسی طرح یہی حال فوجی حمایت میں جاری کردہ خبروں کا بھی ہے کہ وہاں بھی عوام میڈیا کی بھرپور مخالفت کرتی ہے۔

اسی میڈیا کا ایک بہت بڑا حصہ ہے جو شوہر کے حقوق، خواتین کے شرعی احکامات، دینی تعلیمات اور بعض بشری حقوق کا تو مذاق اڑاتا ہے مگر اس کے برعکس گرل فرینڈ بوائے فرینڈ کلچر، طلاق، بے پردگی، عیاشی، بدکاری، سود اور دیگر کئی جرائم کی دعوت دیتا ہے۔ البتہ ظاہر ہے کہ ایک بڑی تعداد میں میڈیا سے جڑے لوگ ان جرائم سے پاک ہیں۔

اللہ رحم کا معاملہ فرمائے، کیا کیا جائے اس اندرونی بغض و عداوت کا جو صحافت جیسے عظیم شعبے سے جڑے کئی لوگوں میں موجود ہے، چونکہ وہ براہ راست اسلامی قوانین کو تنقید کا نشانہ اس لیے نہیں بنا سکتے کہ اسلامی معاشرہ انہیں اکھاڑ پھینکے گا، اس لیے بعض سچے یا جھوٹے واقعات کے ضمن میں اپنی اسلام دشمنی ظاہر کرتے ہیں۔

جمعیت علمائے اسلام کے رہنماء مفتی کفایت اللہ صاحب کے مجاہدین سے چند گذارشات

ابو یوسف

وطنِ عزیز پاکستان میں تقریباً گزشتہ دو دہائیوں سے حق و باطل کا مقابلہ جاری و ساری ہے۔ غرباء، مجاہدینِ اسلام اور اہل ایمان کے خلاف جب امریکی سامراج نے یلغار شروع کیا، تب وطنِ عزیز پاکستان کو برطانیہ کی بقایاجات رائل انڈین آرمی نے مسلمانوں کے خلاف صلیبی جنگ کا آماجگاہ بنایا۔ قبائل سمیت بندوبستی علاقوں، بلوچستان اور ملک کے طول و عرض میں مختلف فیہ آپریشنوں اور کریک ڈاؤن کا ایک ظالمانہ سلسلہ شروع ہوا، جس میں سفاک رائل انڈین آرمی نے کسی چیز کی پرواہ کئے بغیر امریکی صلیبی وار کے سامنے سجدہ ریز ہوتے ہوئے ہر امر کو لبیک کہا۔ تب سر فروشانِ اسلام نے اپنی بندوق کا رخ اس ظالم فوج کی طرف بھی پھیر لیا۔ صلیبی جنگ کو لانے والی یہی فوج ہے نا؟ مجاہدین دوستوں! یہی حقیقت ہے، یہی جنگ اب تک جوں کا توں جاری ہے۔

اسی ضمن میں چند دن پہلے جمعیت علمائے اسلام کے سینئر رہنماء و جید عالم دین مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب نے جنوبی وزیرستان کی تحصیل شکئی میں ایک موقع پر اپنے نظریے کا کھل کر اظہار کیا۔ جس میں واضح الفاظ میں بیان فرمایا کہ طالبان کی لڑائی برحق ہے، ان کی جدوجہد جائز اور شرعی نقطۂ نظر سے بالکل درست ہے۔ عوام کو بھرپور ساتھ اور معاونت کرنی چاہیے۔ وہ مجاہدین ہیں، ان کے مقتول شُہداء اور زندہ بچ جانے والے ساتھی غازی ہیں۔ مزید انہوں نے امن کا بہترین جواز ‹‹شریعت کا نفاذ›› پیش کیا جو کہ مجاہدین کی لڑائی کا اصل مقصد اور منبع ہے۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ کچھ مطالبات و گذارشات بھی تحریکِ طالبان پاکستان سے کئے کہ ان پر عمل ہونا چاہیے۔ وہ نکات مندرجہ ذیل ہیں:

۱: عام آبادی میں حملوں کی روک تھام؟

۲: بھتہ خوری کا خاتمہ؟

۳: اغوا برائے تاوان کے روک تھام؟

۴: آخر میں علماءِ کرام سے گزارش!

معزز و محترم دوستوں!

یہاں ان نکات کا قدرے تفصیلی جائزہ لیا جائے گا کہ ان جیسے غیر شرعی و غیر اخلاقی عوامل کے ساتھ تحریکِ طالبان پاکستان کا کوئی ربط ہے یا نہیں؟ حقائق کو جاننا ضروری ہے کہ آیا ایسے عوامل میں مجاہدین ملوث ہیں یا نہیں؟

۱: عام آبادی میں حملوں کی روک تھام:

دشمن مسلسل میڈیا اور ہر اُس ذریعہ سے یہ پروپیگنڈہ خوب کررہا ہے، اپنے پُرفریب ایجنڈے کو سفید لباس میں ملبوس کرنے کے لیے سر توڑ کوشش کر رہا ہے کہ تحریکِ طالبان پاکستان عام آبادی میں حملے کررہی ہے۔ آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ عرصہ قریب میں ولایتِ شمالی وزیرستان اور ولایت خیبر میں بستی قوم قمبر خیل نے مجاہدینِ اسلام سے کئی مطالبات میں سے ایک مطالبہ عام آبادی میں حملے نہ کرنے کا کیا تھا، جسے مجاہدین نے سر بہ چشم قبول کرتے ہوئے ان کی خوب پذیرائی کی۔
بلکہ اس سے پہلے تحریکِ طالبان پاکستان کے ترجمان جناب محمد خراسانی حفظہ اللہ نے باقاعدہ اعلامیہ جاری کرتے ہوئے نئے ہدایات میں سرِ فہرست اس معاملے کو رکھا اور کہا کہ مجاہدین کو اس بات کی اجازت نہیں ہے کہ وہ عام آبادی میں دشمن کو نشانہ بنائیں۔ ہاں، اگر دشمن چھاپہ (آپریشن) مارے تو دفاع آپ کا پورا حق ہے۔
اس کامیاب پالیسی سے دشمن بوکھلاہٹ کا شکار ہو گیا اور میڈیا پر خوب واویلا مچایا۔ ان عملیات کو، جو مجاہدین دشمن سے دفاع کے وقت سرانجام دیتے ہیں، عام آبادی میں مجاہدین کی طرف سے حملہ قرار دیا گیا، جو کہ سراسر جھوٹ پر مبنی ہے۔ اس لیے تحریکِ طالبان پاکستان کی واضح پالیسی یہی ہے اور اسی پر گامزن ہے۔

۲: بھتہ خوری:

برطانیہ کی باقیات و امریکی غلام رائل انڈین آرمی نے جب سے وطنِ عزیز پاکستان پر براہِ راست صلیبی جنگ کو اپنے مفادات اور متعدد وجوہات (جن میں افغانستان میں قائم اسلامی نظام کو پاش پاش کرنا شامل تھا) کی بنیاد پر مسلط کیا، تب ان کے خلاف غرباء کی جماعت کھڑی ہوئی۔

